Posted On Kitab Nagri

کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

Bloody Mafia

Ilsa

مسز بلیک۔۔۔۔۔ یار آپ کتنا لیٹ تیار ہوتیں ہیں جلدی کریں ورنہ میں آپ کو اٹھا کر لے جاؤں گا۔۔۔۔۔وہ شیشے میں ان کا عکس دیکھتا بول رہا تھا وہ بھورے بالوں والا شہزادہ تھا سنہری رنگت بھوری آنکھیں کھڑی ناک گلابی ہونٹ کلین شیو وہ لمبا قد کسرتی جسم والا پُرکشش مرد تھا

اچھا بتاؤ میں کیسی لگ رہی ہوں۔۔۔وہ اِس کی طرف موڑتی بولیں اور اسے دیکھ مسکرائی تھی جو تھری پیس سوٹ میں ملبوس تھا اور بلا کا حسین لگ رہا تھا

ہمیشہ کی طرح میری کوئین اور مسٹر بلیک کی وائف لگ رہی ہیں۔۔۔وہ کہتا بیڈ پر سے ان کی وائٹ ہیل اٹھا کر ان کو باہوں میں اٹھا چکا تھا انھوں نے اِس کی گردن میں ایک بازوں ڈالا اور سر سینے پر ٹیکہ دیا

تمہاری کوئین اور مسٹر بلیک کی وائف کیوں جبکہ تمھیں بولنا چاہیے تھا کہ مسٹر بلیک کی کوئین لگ رہی ہیں۔۔۔۔وہ اسے دیکھتی بولیں

Posted On Kitab Nagri

کوئین صرف مُجھے ملنی چاہیے نا کے مسٹر بلیک کو ابھی مزہ آئے گا کوئین آپ مسٹر بلیک کا چہرہ دیکھئے گا ۔۔۔۔وہ ہنستا بولا تھا وہ بھی ہنس دی

میں تو مسٹر بلیک کی کوئین ہوں تمہاری کوئین تُمہیں خود ڈھونڈنی پڑے گی۔۔۔۔۔انھونے پارٹی بدل لی تھی

میں خود ڈھونڈھو اپنی کوئین نو وے آپ بتائیں میری کوئین کیسی ہو گی یا ہونی چاہیے۔۔۔۔وہ آب سیڑھیوں سے اتر رہا تھا تبھی سامنے بنی سیڑھیوں سے مسٹر بلیک کے دائیں جانب دو تھری پیس سوٹ میں ملبوس آدمی اور بائیں جانب ایک آدمی نظر آئے آن چاروں کے نین نقوش ملتے جلتے تھے

وہ چاروں دراز قد تھے، کسرتی جِسم والے بے حد فٹ، ان چاروں کی رنگت بے حد صاف تھی، بے حد حسین نقوش والے بہت پُرکشش وجیہہ چہروں والے وہ چار مرد تھے، چمکتی ہوئی خوبصورت انکھوں والے مرد۔۔۔۔

(مسٹر ہارون سب سے بڑے جنھیں دنیا مسٹر بلیک کہہ کر بلاتی تھی مسٹر ہارون بلیک ورلڈ کے بے تاج بادشاہ تھے ان کی دہشت پورے لنڈن میں پھیلی ہوئی تھی وہاں کا بچے بچے کے دل مسٹر بلیک کے نام سے خوف تھا وہاں کی ایک چڑیا بھی لاپتہ ہو جائے اُس کے پیچھے بھی مسٹر بلیک کا ہاتھ ہوتا تھا ان کی محبت ان کی کُل کائنات آن کی بیوی تھیں لاویزہ جنھیں مسسز بلیک بولتے تھے ان دونوں کی پیار کی نشانی دخان ان کا اکلوتا بیٹا جس سے یہ دونوں بہت پیار کرتے تھے پھر تھیں دو ننھی پریاں حمیس اور

Posted On Kitab Nagri

پریشے پریشے جیسے سب پری بولتے تھے وہ دیکھنے میں تھی ہی پری کی طرح ان کے تینوں بچوں کی آنکھیں بھوری رنگ کی تھی)

(پھر تھے مسٹر وہاج جو مسٹر ہارون کے بعد تھے ان کی محبت آن کی بیوی حوریہ ان دونوں کی پیار کی نشانی دو تھی مسسز وہاج کہتی تھی میں الگ محبت کرتی ہوں اور وہاج الگ محبت کرتے ہیں اسلئے ان کی پیار کی نشانیاں دو ہیں ایک بیٹا زوریز ایک بیٹی آئزال ان دونوں کی آنکھیں اوشن بلیو کلر کی تھی)

(مسٹر منہاج جو تینوں بھائیوں سے تھوڑے مختلف تھے یہ خوش مزاج تھے یہی چیز ان کو مختلف بناتی تھی ان کی کلاس فیلو مفرا جن کو دیکھتے ہی مسٹر منہاج اپنا دل مس مفرہ کے حوالے کر بیٹھے تھے ان کو شادی کے بعد پتہ چلا مفرا ان سے پہلے سے محبت کرتی ہیں منہاج صاحب کی خواہش تھی ان کا بیٹا ان کی طرح ہو خوش مزاج پر زبر قان نے اِس دُنیا میں اکر مسٹر منہاج کے خواب توڑ دیئے تھے کیونکہ زبر قان سنجیدہ مزاج، غصے کا تیز ساتھ میں سڑیل بھی تھا پھر اس دُنیا میں حیان آیا جو مسٹر منہاج سے دس ہاتھ آگے تھا جیسے دیکھ مسسز منہاج بہت خوش ہوئیں تھی ان دونوں کی آنکھیں اوشن گرین تھیں)

(پھر تھے حاذق ان کی شادی زبردستی مسٹر بلیک نے کروائی تھی ان کو ڈرپوک نازک سی پری پیکر ملی تھیں آئیزہ کو دیکھ ان کو اپنی قِسمت پر رشک بھی ہو رہا تھا ساتھ میں غصّہ بھی آرہا تھا مسٹر حاذق نے

Posted On Kitab Nagri

کبھی آئیزہ سے محبت کا اظہارِ نہیں کیا تھا پر مسٹر حاذق کو مس آئیزہ سے بے پناہ محبت ہو گئی تھی مسسز حاذق کو پہلی بیٹی چاہیے تھی اپنی طرح پر زنیق اِس دُنیا میں آیا تھا جو مسٹر حاذق سے بھی زیادہ کھڑوس تھا پھر مس آئیزہ نے ضد لگائی تھی آن کو بیٹی چاہیےhttps://www.kitabnagri.com/

پھر مسٹر حاذق نے i آئیزہ کو دیکھ کر جو بولا وہ قابلِ رحم تھا آپ نے اپنے آپ کو دیکھا ہے کتنی کمزور ہیں اور چاہیے دو بیٹیاں واہ کیا بات ہے جائے سیل پر لگی ہیں لے لیں جا کر۔۔۔۔ مسٹر حاذق کی بات سن کر آئزہ ناراض ہو گئی پھر ان کی دو بیٹیاں ہوئی خوبصورت لفظ بھی چھوٹا ہے ان دونوں کے لیے رباب بڑی تھی جیسے حیان پسند کرتا تھا ایہا چھوٹی تھی ان کے تینوں بچوں کی آنکھیں آئس رنگ کی تھی)

اچھا میرے بیٹے کی کوئین کیسی ہونی چاہیے میرے سیف کو جب کھولو گے نہ اُدھر ایک تصویر ہے اس پری پیکر کی طرح ہونی چاہیے پر وہ نہیں اس کی جیسی سمجھے۔۔۔ مسسز بلیک دخان کے کان مروڑتی بولیںhttps://www.kitabnagri.com/

دیکھیے کوئین کیسے دیکھ رہیں ہیں مسٹر بلیک مُجھے جیسے کچا نگل لیں گے مجھے بچالیں کوئین مسٹر بلیک سے ۔۔۔۔ دخان ڈرامائی انداز میں بولا تبھی مسسز بلیک ہنس دیں

Posted On Kitab Nagri

انھیں ہنستا دیکھ مسٹر بلیک کے چہرے پر مسکراہٹ آئی ساتھ ڈمپل واضح ہوئے مسسز بلیک کی نظر ڈمپل پر پڑی مسسز بلیک کا چہرہ سُرخ اناری ہوا تھا تبھی مسسز بلیک نے زارون کو نیچے اتارنے کا کہا اس نے سر ہلا کر مسسز بلیک کو نیچے اترا پھر ایک ٹانگ فولڈ کر کے نیچے بیٹھ کر سفید روئی کے گالوں سے پیروں میں ہیل پہنائی پھر کھڑا ہوا تو مسٹر بلیک اس تک پہنچ چکے تھے

دخان کھڑا ہوا تھا مسٹر بلیک کے چہرے کو دیکھنے لگا (ان کے بال سیاہ تھے نفاست سے برش کیے گئے تھے کانوں کے اوپر سے سفید تھی جو ان کے چہرے کو نرمی اور وقار بقش رھے تھے وہ اڑتالیس برس کے تھے پر اپنی فٹنس کی وجہ سے جوان نظر آتے تھے چہرے کے باعث اپنی عمر سے دس پندرہ برس کم دکھائی دیتے تھے) دخان یک ٹک انہیں دیکھنے لگاhttps://www.kitabnagri.com/

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا ہوا تھک گئے بس اتنی سی دیر میں۔۔۔۔ مسٹر بلیک ایک ائیبرو آچکا کر مسکرائے تھے جس سے ان کے ڈمپل واضح ہوئے تھے دخان دانت پیس کر رہ گیاhttps://www.kitabnagri.com/

Posted On Kitab Nagri

مسسز بلیک نے مسٹر بلیک کے بازوں میں ہاتھ ڈالا نفاست سے وہ دونوں سیڑھیاں اترنے لگے ان کے بعد سب نیچے اترے۔۔۔۔۔

پورچ میں کھڑی بلیک لینڈ کروزرز، لمبر غینی جس میں سب ایک ایک کر کے بیٹھ رہے تھے ان کی گاڑیاں پورچ سے نکلیں تھی پیچھے اور آگے لمبی قطار میں رینج روور موجود تھیں جن میں بورڈی گارڈ موجود تھے (اور کُچھ رقیب بھی)

گاڑیاں مین ہائی وے سے گزر رہیں تھیں جہاں دائیں جانب بھی جنگل تھا اور بائیں جانب بھی مسٹر بلیک کو کچھ عجیب محسوس ہوا تھا انھونے اپنے آگے چلتیں ساری گاڑیوں کی نمبر پلیٹ پر نظر ڈالی سب گاڑیاں ٹرن لے کر گھومیں ساری گاڑیوں کے چہرے سامنے تھے ان گاڑیوں میں سے ایک میں ان کا دشمن بھی بیٹھا تھا وہ ساری گاڑیاں ریورس چل رہیں تھیں اور منہ سامنے

سر ان ساری گاڑیوں میں موجود گارڈز کو اس گیدڑ نے خرید لیا ہے اور سر ان گاڑیوں میں کیسی ایک میں وہ بھی موجود ہے الیگزینڈر ثالث۔۔۔۔ مسٹر بلیک کے ڈرائیور کی آواز تھی

Posted On Kitab Nagri

دخان، زوریز، زبر قان، زنیق اور حیان تُم لوگ آئیزال، ایہا اور پریشے کو لے کر جاؤں ٹرن کرو گاڑیوں کو جنگل میں نکالو گاڑیوں کو اور جاؤں۔۔۔۔ مسٹر بلیک کان میں لگے ائرپود سے چلائے تھے ان کی بات سن کر مسز بلیک کی انکھوں میں نمی تیر گئی تھی

ڈیڈ میں آپ کو چھوڑ کر کہیں نہیں جاؤں گا آپ نے ساتھ جینا کا وعدہ کیا تھا میں ساتھ مرنے کا وعدہ کرتا ہوں سمجھے آپ مسٹر بلیک۔۔۔۔۔ دخان بھی چیخا تھا اپنی کار کو ٹرن کر کے موڑا تھا ساتھ میں زبر قاں جو ڈرائیونگ کر رہا تھا برابر میں حیان بیٹھا تھا زبر قان نے بھی گاڑی موڑی تھی زوریز اسنائیپر سے سامنے موجود کتوں کے سینوں میں گولیاں اُتار رہا تھا زنیق بیچ میں تھا جس میں معصوم پریاں تھیں جنھیں اِس ظالم دُنیا کا پتا نہیں تھا کہ اِس دُنیا میں انسان نہیں گیدڑ رہتے ہیں

https://www.kitabnagri.com/

دخان ضد نہ لگاؤ جاؤ میں نے کہا جاؤ سمجھو میں اپنی وجہ سے تُم سب کی جان خطرے۔۔۔۔ مسٹر بلیک کی بات مکمل نہیں ہوئی تھی ائیر پوڈ میں سے گولی لگنے کی آواز آئی تھی۔۔۔۔۔

دخان۔۔۔۔ مسز بلیک کے منہ سے چیخ نکلی تھی ساتھ میں دو آنسوں بھی ٹپکے تھے

Posted On Kitab Nagri

کوئین میں بلکلِ ٹھیک ہوں بلکہ ایک کتے کو موت کے گھاٹ اتار دیا ہے۔۔۔۔۔دخان کی آواز ائیر پوڈ میں آواز آئی مسز بلیک نے پیچھے مڑ کر دیکھا جہاں ایک گاڑی اُلٹی پڑی تھی مسٹر بلیک نے ایک بٹن دبایا تھا جس سے مسز بلیک کی سیٹ نیچے ہوئی سیٹ جیسی ہی پوری نیچے ہوئی مسز بلیک نے پیچھے والی سیٹ کو پیچھے دکھیلا تھا اندر سے گنز نکال کر لوڈ کریں تھیں بولیٹس کا ایک مستطیل بوکس تھا جسے نکال کر مسز بلیک نے اسنائیپر اور بہت سی گنز لوڈ کی تھی ان کے ہاتھ بہت تیز چل رہیں تھے

پیچھے سے وہاج اور منہاج کی گاڑیاں آگے آئیں مسٹر بلیک اور مسز بلیک دونوں دشمن کا مقابلہ خوب فائرنگ سے کر رہے تھے مسٹر وہاج کے بازو میں گولی لگی تھی جس سے ان کی وائٹ شرٹ لال ہو گئی تھی گولی لگنے کی وجہ سے وہاج کار سنبھالے ہوئے تھے حوریہ شورٹ گن سے سامنے موجود گارڈز کے ہیڈ شوٹ لے رہی تھیں وہاج تشائشی نظروں سے حوریہ کو ایک نظر دیکھ لیتے دوسری طرف منہاج تھے جن کے سر پر خون سوار تھا مارنے کا یا مار کر مر جانے کا مفرا کے سر پر بھی ایسی ہی خون سوار تھا ادھر حاذق اپنے پہلو میں بیٹھی آئزہ کو ایک نظر دیکھ لیتے وہ ڈری سہمی ہوئی آئزہ جو حازق کو ہی دیکھ رہیں تھی وہ چاروں بھائی انسان کام درندے ذیادہ لگ رہے تھے بچے ان سے بھی زیادہ حیوان لگ رہے تھے گاڑیاں بلیڈ پروف ہونے کے وجہ سے گولیاں سے بچ رہیں تھی پر کب تک جس تیزی سے سب

Posted On Kitab Nagri

مل کر کتوں کو موت کے گھاٹ اتار رہے تھے اس سے ان کے دُشمن کا کھیل جلدی ختم ہونے والا تھا ۔۔۔۔۔(پر پاس کھڑی قسمت ان پر ہنس رہی تھی)https://www.kitabnagri.com/

سامنے موجود چار پانچ گاڑیوں کو چیرتی ہوئی ایک سفید رنگ کی لینڈ کروسر نکلی لینڈ کروزر کی چھت ہٹتی گئی اندر سے ایک آدمی نکلا لاویزا کی انکھوں کے سامنے ان کی پوری زندگی گھوم گئی وہ چہرہ صاف ہو گیا تھا وہ سامنے کھڑا آدمی کو وہ جانتی تھیں بھلا وہ اِس آدمی کو کیسے بھول سکتی تھی ہارون اور لاویزا کو ایک سیکنڈ لگا اسے پہچانے میں (اس کو جو یہ سمجھ رہے تھے یہ وہ نہیں تھا)

ہارون یہ تو عائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔لاویزہ کے الفاظ منہ میں ہی رہ گئے جب شیشے میں سے چیرتی ہوئی ایک گولی لاویزہ کے دل پر لگی سامنے والا شیشے میں دراڑ پڑ تھی شیشا کئی ٹوکروں میں تقسیم ہو گیا تھا ہارون کے دل کا بھی یہی حال تھا دوسری گولی حمیس کو لگی تھی تیسری گولی رُباب کے ماتھے پر لگی تھی (حاذق کی بیٹی) ہارون کا پاؤں بریک پر گیا تھا وہ زندگی میں پہلی دفعہ سکتے میں گئے تھے چوتھی گولی ہارون کے دل پر لگی وہ گیدڑ گاڑی میں بیٹھ کر جا چکا تھا وہ بھی اسے مہلت ملی تھی اللہ کی طرف سے اپنے گناہوں کی معافی مانگنے کے لیے

Posted On Kitab Nagri

چند لمحوں کے لیے دخان سکتے میں آگیا تھا منہاج، وہاج، حاذق، ذوریز، زنیق، ذبرقان نے گاڑیاں روکیں تھی وہ سب بوکھلائے گاڑیوں میں سے اترے تھے دخان سے گاڑی ڈگمگا گئی تھی وہ گاڑی میں سے اترا تھا بھاگتا ہوا گاڑی کے قریب پہنچا ہارون کو دل کے مقام پر ہاتھ رکھے دیکھا

بابا۔۔۔دخان چیختا ہوا ان کی طرف بڑھا تھا ھمیس کو ان کے ہاتھوں سے لے کر پاگلوں کی طرح اسے پکار راہ تھاhttps://www.kitabnagri.com/

ہارون نے پچھلی سیٹ سے رُباب کو نکالا دوسرے ہاتھ میں حمیس کو لے کر ان کے قدم لڑکھڑا رہے تھے دخان نے آگے بڑھ کر سہارا دیا تھا حاذق اور عائزہ سب سے پہلے قریب ائے تھے ہارون کے ہاتھ میں رُباب کو دیکھ کر آئزہ زمین پر بیٹھتی چلیں گئی دخان ہارون کو چھوڑ کر گاڑی کی طرف بڑھا تھا اندر لا ویزا کو سانس لیتے دیکھا بلبلاتا ہوا ویزا کی طرف بڑھا تھا

ماما میں آپکو کُچھ نہیں ہونے دوں گا آپنے آنکھیں بند نہیں کرنی میں آپ کو ڈاکٹر کے پاس لے کر جا رہا ہوں زوریز گاڑی میں بیٹھ کر گاڑی اسٹارٹ کروں۔۔۔دخان کہتا لاویزا کو باہوں میں اُٹھا کر باہر لایا تھا

Posted On Kitab Nagri

ہارون حاذق کی طرف بڑھے تھے حاذق سکتے سے باہر آیا تھا جب بڑے بھائی کو دیکھا جس نے باپ بن کر پالا تھا تڑپ کر ان کی طرف بڑھے

بھائی۔۔۔۔حاذق بلبلاتے ہوئے ہارون کی طرف بڑھا تھا

حازق میں تمہاری بیٹی کو نہیں بچا سکا مُجھے معاف کر دینا آئزہ میں اپنی حمیس کو نہیں بچا سکا تمہاری رُباب کو کیسے بچاتا۔۔۔۔۔ہارون کہتے رباب کو روڈ پر لیٹا رہے تھے پھر ہمیس کو لٹایا دخان لا ویزا کو لے کر ہارون کی جانب آیا دخان روڈ پر بیٹھا ہارون کو ایک کندھے سے لگایا ہوا تھا دوسرے کندھے پر لویزہ سر ٹکائی ہوئیں تھی

بابا ماما میں آپ کو کچھ نہیں ہونے دوں گا بابا آپ نے آنکھیں بند نہیں کرنی آپ دونوں کے سوا میرا اِس دُنیا میں ہے ہی کون پلز بابا پلیز ماما آنکھیں مت بند کریں۔۔۔۔۔دخان بلبلاتے ہوئے رو رہا تھا دخان کی بات سن کر وہاج اور منہاج تڑپ کر آگے بڑھے تھے مفراز مین پر بیٹھی آئزہ کو دیکھ رہیں تھی جو بلک بلک کر رو رہیں تھی زنیق حمیس کو دیکھ سکتے میں آگیا تھا حیان روڈ پر لیٹی رُباب کو سن سا ہو کر دیکھ رہا تھا حیان رُباب کا خون دیکھ رہا تھا کیسی کے آنسوں اگر نہیں نکل رہے تھے وہ تھے زبر قان اور

Posted On Kitab Nagri

زوریز وہ دونوں زمین پر پڑی گنز اٹھا کر موڑے تھے ہارون کی آواز نے ان کے پیر کو ایک قدم آگے بڑھنے سے روک دیا تھا

زوریز برقان مجھ سے وعدہ کرو ابھی تُم لوگ کوئی قدم نہیں اٹھاؤ گے جب سہی وقت آئے گا ابھی سہی وقت نہیں ہے۔۔۔۔۔ تبھی کار کا دروازہ کھول کر دس سالہ پریشے باہر آئی تھی ریڈ کلر کی لونگ فراک پر ہم رنگ پمپی پہنی ہوئی تھی گھٹنوں تک آتے سیاہ بال جن میں ریڈ کلر کی بُو لگی تھی سفید رنگت بھوری آنکھوں والی وہ پری تھی جس سے اس کے ماں باپ اور بہن چھین لیے گئے تھے وہ فیری ٹیل میں رہنے والی بچی تھی جسے شہزادیاں بہت پسند تھی وہ خود کو بھی ایک شہزادی سمجھتی تھی خوبصورت شہزادی نہیں (بدقسمت شہزادی)

رُباب دیکھو یہ کتنی اچھی جگہ ہے اسنو وائٹ کو بھی سات بونے اسی جنگل میں ملتیں ہیں چلو ہم بھی ڈھونڈتے ہیں۔۔۔۔۔ پریشے بڑے بڑے درختوں کو دیکھ بول رہی تھی پری کی نظر رباب پر گئی وہ ایک دم خوف زدہ ہو گئی تھی خوف سے چہرہ ذرد پڑھنے لگا تھا رباب کا خون سے لتھڑا چہرہ دماغ میں ہول زنیق جو رباب کے کو دیکھ کر رو رہا تھا اس دس سالہ پری کو سب سمجھ آگیا تھا وہ سمجھدار تھی دس سال

Posted On Kitab Nagri

کے بچے کا حافظہ بہت اچھا ہوتا ہے یہ دیکھ کر آئزہ نے آگے بڑھ کر اسے خود میں بھینچا تھا وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دیں پریشے آئزہ سے دور ہٹی تھی جب نظر ہارون لاویزا اور دخان اور حمیس پر پڑی

بابا ماما آپی بھائی۔۔۔پری کہتی ہوئی ہارون سے جا لپٹی تھی ہارون کے رکے ہوئے آنسو پری کو دیکھ کر بہ نکلے تھے حیان نے آگے بڑھ کر پری کو ہارون سے جدا کیا تھا کیونکہ ہارون لویزہ کو دخان گاڑی میں لیٹا کر ہسپتال لے کر جا رہا تھا

ہسپتال کا وہ کوریڈور سرد اور ویران تھا۔سنگ مرمر کا فرش کسی مردے کی طرح سفید تھا۔ سفید بے جان ٹھنڈا۔ ساخت، جامد، سیدھ میں کسی غیر مرئی نقطے پر نگاہیں مرکوز کیے اِس کی انکھوں سے آنسو ٹوٹ ٹوٹ کر گر رہے تھے۔جب سے ہارون اور لویزہ آپریشن تھیٹر میں تھے۔وہ یوں ہی ادھر بیٹھا ہوا تھا۔اس کا ذہن جیسے مفلوج ہو گیا تھا، جیسے بھاری سل سے سر کو کُچل دیا گیا ہو۔

Posted On Kitab Nagri

وہ سب ہسپتال کے کوریڈور میں موجود تھے سب کی نظریں آپریشن تھیٹر کی طرف تھیں کے کب ڈاکٹر باہر آئے اور بتائے کے مسٹر اینڈ مسز بلیک بلکل ٹھیک ہیں۔۔۔۔۔۔سب کی انکھوں میں نمی تھی جبکہ آئزہ بے سود سی حازق کے کندھے پر سر رکھی ہوئیں تھی

آزان کا وقت ہوا تو وہ اٹھا وضو کر کے واپس ادھر آیا۔ کوٹ اِس نے وہیں بینچ پر چھوڑ دیا تھا اب شرٹ کے گیلے خف نیچے کر رہا تھا۔ چہرہ ہاتھ ماتھے سے بال گیلے تھے۔

وہ سلام پھیر کر تشہد کی حالت میں بیٹھا تھا۔ اس کا چہرہ مکمل بھیگا ہوا تھا اور یہ وضو کا پانی نہیں تھا۔ وہ دونوں ہتھیلیاں ملائے انھیں ڈبڈبائی انکھوں سے دیکھ رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرے اللہ۔۔۔۔۔۔۔وہ بے آواز رو رہا تھا۔ آپ کو پتا ہے۔ماما بابا میرا دل ہیں۔ ان کو مُجھ سے مت چھینیں۔ دخان۔۔۔۔۔۔۔اپنے ماما بابا کے بغیر ادھورا ہے وہ ان کے بغیر مر جائے گا۔ آپ مجھے ایسے مت آزمائیں۔ آپ مجھے ماما بابا واپس کر دیں میری امید کو ٹوٹنے مت دیں۔ وہ ہتھیلیوں پر چہرہ جھکائے ہولے ہولے لرز رہا تھا وہ آٹھ سال کا وہی دخان لگ رہا تھا۔ وہ چہرہ ہاتھوں میں چھپائے پھوٹ پھوٹ کر رو دیا تھا اسے اپنے کاندھے پر ہاتھ رکھا محسوس ہوا وہ وہاج اور منہاج تھے وہ ان کا سہارا ملتے

Posted On Kitab Nagri

ہی اور شدت سے رویا تھا وہ سب زندگی میں کبھی اتنے اکیلے نہیں ہوئے تھے جتنے آج تھے وہ کبھی اتنے بے بس لاچار نہیں ہوئے تھے جتنے اِس وقت تھے۔

کتنے گھنٹے گزرے کتنی گھڑیاں گزری اسے کُچھ یاد نہیں تھا بس اندھیرا چاہ رہا تھا جب اس نے ڈاکٹرز کو

آپریشن تھیٹر سے باہر آتے دیکھا انھیں آتا دیکھ سب کھڑے ہوئے تھے ان دو ڈاکٹرز میں سے ایک ڈاکٹر دخان کی طرف بڑھا تھا ایک ہاتھ کندھے پر رکھ کر ڈاکٹر نے جو بولا وہ ان سب پر قیامت صغریٰ برپا گیا تھا

آئی ایم سوری ہم مسٹر ہارون اور ان کی وائف کو نہیں بچا سکے۔۔۔۔ڈاکٹرز کہہ کر جا چکے تھے دخان سن سا ہو کر ہسپتال کے کوریڈور میں بیٹھتا چلا گیا کوریڈور کا سناٹا ایک دم سے ٹوٹا۔۔۔۔پیچھے کہیں اسٹریچر کے پہیوں کے چلنے کی آوازیں آرہی تھیں اسے اپنے کانوں میں سسکیاں رونے کی آواز آرہی تھی ان میں سے ایک آواز پریشے کی بھی تھی

https://www.kitabnagri.com/

Posted On Kitab Nagri

ہر چیز سلوموشن میں ہو رہی تھی۔ آوازیں بند ہو گئیں تھی۔صرف حرکتیں ہوتی نظر آرہی تھیں ہارون اور لاویزہ ، رُباب اور حمیں س کو گئے آج دوسرا دن تھا وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا اپنے کمرے میں آیا تھا اس نے اپنے آپ کو سوٹ کیس میں اپنا سامان پیک کرتے دیکھا پھر سب کو کہتا سنا شاید وہ سب اسے منع کر رہے تھے کے وہ نہ جائے پھر پریشے کو دیکھا جو اسے روک رہی تھی کے آپ نہ جائیں بھائی مُجھے چھوڑ کر اگر کیسی نے نہیں روکا تھا وہ تھے وہاج منہاج حازق اور وہ چاروں جو اسے دیکھ رہے تھے زوریز اور زبر قان نے اسے گلے لگایاhttps://www.kitabnagri.com/

وہ ائیر پورٹ پر چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا چل رہا تھا اُس نے ایک بار بھی پلٹ کر نہیں دیکھا۔جہاز دھیرے دھیرے ہوا میں پرواز کر رہا تھا۔https://www.kitabnagri.com/

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

روشنی ختم ہو رہی تھی دخان نے آنکھیں کھول دی وہ مکمل بھیگ چُکا تھا سفید شرٹ جسم سے چپک گئیں تھی جس کی وجہ سے اس کا کسرتی جسم واضح طور پر دیکھ رہا تھا اس نے آگے بڑھ کر شیشے پر اپنا مکہ جڑا تھا

Posted On Kitab Nagri

شیشہ کئی ٹکڑوں میں تقسیم ہو گیا کچھ شیشے کے ٹکڑے اس کے ہاتھ میں گھس گئے تھے جن کی وجہ سے ہاتھ سے خون رس رہا تھا

ہاتھ میں گھسے شیشے کے ٹکڑوں کو ہاتھ میں سے کھینچ کر نکال رہا تھا اگر کوئی عام بندہ اسے اپنے ہاتھ میں دھسیے شیشے کو عام سے انداز میں نکالتیے دیکھ لیتا بہوش ہونے کے درپہ ہوتا اس نے کانچ نکال کر واش بیسن میں ہاتھ دھوئے دخان ورڈرو سے کپڑے نکال کر واشروم میں بند ہو گیا

وہ شیشے کے سامنے کھڑا ہاتھ میں واچ پہن رہا تھا وہ کریم کلر کے تھری پیس سوٹ میں ملبوس تھا لونگ کورٹ بیڈ پر پڑا تھا واچ کے ساتھ ہاتھ میں بینڈیج بھی بندھی تھی وہ اپنے ساتھ جو سوٹ کیس لایا تھا وہ ویسے ہی رکھے ہوئے تھے دخان نے بیڈ سے بلیک کلر کا لونگ کورٹ اٹھا کر پہن کر سوٹ کیس کو گھسیٹتا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا کمرے سے نکلتے ہی باہر وہ چاروں اپنے اپنے سوٹ کیس کے سات کھڑے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

/https://www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آج صبح سے اسے بخار نے اپنی لپیٹ میں لیا ہوا تھا اور صبح سے وہ کچن میں گھسی ہوئی تھی ثمرین نے اسے لسٹ ہی اتنی بڑی تھمادی تھی ثمرین دندناتی ہوئی کچن میں چلی آئی

ارے جلدی چلا ہاتھ اتنی سست روئی سے کام کر رہی ہے ذرہ تیز تیز ہاتھ چلا اور آگر مرچ مسالہ تیز ہوا تُجھے پوری رات اسٹور روم میں بند رکھو گی۔۔۔۔ ثمرین اس سے پہلے کُچھ اور کہتی اس کی نظر امامہ پر پڑی جو کچن میں پانی پینے کے غرض سے آئی تھی

انشاء چل چھوڑ بریانی کو دم میں لگا رہی ہوں امامہ تو اسے لے جا کر نہ تیار کر دے اچھا سا بلکل اپنی طرح ۔۔۔۔ پاس کھڑی انشاء حیرت سے ثمرین کو دیکھ رہی تھی (آج چاچی کو کیا ہو گیا ہے چلو اچھا ہے ہم دوا کھا کر تھوڑی دیر آرام ہی کر لیں گے) انشاء دل میں پکا ارادہ باندھتی مُسکرا کر سر ہاں میں ہلا گئی پر اس پگلی کو کیا پتا تھا آج ثمرین اسے ایک درندے کے سامنے پیش کرنے والی تھی چند پیسوں کے اعوض

آب جا بھی کھڑی کیوں ہے میرے سر پر۔۔۔ ثمرین اسے ہلتا نا دیکھ کر چڑ گئی تھی

/https://www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

انشاء اپنے کمرے میں جا رہی تھی تب امامہ اسے لیے اپنے کمرے میں لے آئی اسے ڈریسنگ کے سامنے بٹھا کر اپنی الماری کھنگالنے لگ گئی امامہ کے ہاتھ بلیک کلر کی لونگ فراک لگی جسے اِس نے ایک مرتبہ پہنا تھا پر اِسے اپنی رنگت کی وجہ سے اچھا نہیں لگا تھا خود پر امامہ انشاء کو وہ فراک تھما کر واشروم میں جا کر چینج کرنے کو کہا انشاء امامہ کی بات کی تاکید کرتی ہوئی واشروم میں گھس گئی

انشاء واشروم کا گیٹ کھول کر چوکھٹ پر کنفیوز سی کھڑی تھی امامہ نے سر تا پیر تک انشاء کا جائزہ لیا (بلیک کلر کی فراک میں انشاء چودویں کا چاند لگا رہی تھی اِس کی سفید رنگت پر یہ رنگ جچ رہا تھا نازک سراپائے حسن تھی امامہ اسے دیکھ کر ایک مرتبہ پھر کلس کر رہ گئی تبھی ناک منہ چڑھا کر انشاء کو ہلکا پھلکا سا میک اپ کیا اور بالوں کو کمر پر کھول دیا انشاء نے ضد کر کہہ سر پر بلیک اسکارف پہنا وہ شیشے میں حیرت سے اپنے آپ کو دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔امامہ اِس کی حیرت کو دیکھ تمسخرانہ مسکراتے ہوئے اسے اپنے کمرے میں بیٹھے رہنے کا کہہ کر چلی گئی https://www.kitabnagri.com/

انشاء کمرے میں کنفیوز ہو کر ٹہلنے لگ گئی تھی امامہ کو گئے ڈیڑھ گھنٹہ ہونے والا تھا اور اس کا اتا پتا نہیں تھا ابھی تک ۔۔۔۔۔ تبھی دروازہ کھول کر امامہ اندر آئی اسے دیکھ انشاء کی روکی ہوئی سانس بحال ہوئی

Posted On Kitab Nagri

ہمیں اِدھر کیوں بند ھ کر کے چلیں گیں تھی اور آپ نے ہمیں بتایا بھی نہیں کہہ ہمیں اتنا تیار کیوں کیا ہے آپ نے۔۔۔۔۔ آپ کی دوست کی سالگرہ ہے پھر سے جانا ہے ہمیں بھی پچھلی مرتبہ کی طرح لے کر جائیں گی اپنے ساتھ۔۔۔۔۔انشاء نے ایک ہی سانس میں کئی سوال کر ڈالے تھے امامہ اِس کے سوالوں کے بوچھاڑ سے چڑ گئی تھی

ابھی تُمہیں سب پتا چال جائے گا انشاء وحید صبر رکھو تھوڑا سا۔۔۔۔۔امامہ کہتی پر اسرار سا مسکرائی تھی اِس کا ہاتھ پکڑ کر لاؤنج میں لا کر سوفے پر بیٹھال دیا تھا انشاء نے نظریں اٹھا کر دیکھا وہ جس جگہ بیٹھی تھی ادھر ساخت منجمد ہو گئی۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ پانچوں پاکستان پہنچ چکے تھے وہ جہاں جہاں سے گزرتے ہوئے جا رہے تھے ارد گرد کے لوگ انھیں پلٹ پلٹ کر دیکھ رہے تھے ایئرپورٹ کا گیٹ کھولتے ہی انہیں ڈاکٹر احمد نے انہیں خوش آمدید کہا تھا ڈاکٹر احمد ان کے پرسنل ڈاکٹر اور ان کی گینگ کا بہت اہم حصہ تھے ان کا اسلام آباد میں بہت مقبول ترین ہسپتال تھا جو غریب عوام کے مفت علاج کے لیے بنایا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ سوچتے تھے اصل

Posted On Kitab Nagri

معائنوں میں انہیں گریبگی کا تب پتہ چلا جب میری بیوی ہسپتال میں زندگی موت سے لڑ رہی تھی میرے پاس علاج کے پیسے تک نہیں تھے

کیسے ہو تُم لوگ۔۔۔ڈاکٹر احمد گرم جوشی سے ان پانچوں سے ملے۔۔۔۔وہ بھی انہیں کے انداز میں ملے ڈاکٹر احمد ڈرائیو کر رہے تھے ساتھ میں دخان سے باتیں بھی کرتے جا رہے تھے وہ چاروں پیچھے موجود گاڑی میں تھے۔۔۔۔۔۔https://www.kitabnagri.com/

ڈاکٹر احمد کی گاڑی بڑے سے مین گیٹ سے ہوتے ہوئے پورچ میں آکر رکی دخان شان بے نیازی سے گاڑی سے اُترا تھا زوریز، زبر قان، زنیق اور حیان گاڑی سے اترے تھے ڈاکٹر احمد گاڑی میں سے لیگج نکل کر اندر بڑھ گئے جب ان پانچوں کو اپنے پیچھے نہ پا کر پھر موڑے وہ لان میں پانچوں ایک ہی قطار میں کھڑے تھے دخان بیچ میں کھڑا سرسری نظر لان میں موجود ہر رنگ کے پھول پر ڈال رہا تھا

چلو آ بھی جاؤں اندر۔۔۔۔۔ایک ہاتھ سے اشارہ کرتے ڈاکٹر احمد مسکرائے تھے وہ پانچوں ہلکا سا مسکراتے اندر بڑھے ڈاکٹر احمد ان سب کو ان کے کمروں میں جانے کی تاکید کر رہے تھے وہ لمبی فلائٹ لے کر آئیں ہیں تو تھوڑا آرام کر لیں پر وہ چاروں ابنِ ڈھیٹ ٹھہرے تھے

Posted On Kitab Nagri

ڈاکٹر احمد نے زبردستی دخان زوریز اور زبرقان کو ان کے کمروں میں یہ کہہ کر بھیجا تھا کے فریش ہی ہو جاؤ جب تک میں کھانا لگواتا ہوں جبکہ حیان اپنا لیگج لے کر کب کا اپنے روم میں جا چکا تھا زنیق نے آتے کے ساتھ ہی اس گھر میں داخل ہونے والے دروازے سے لیکر اس گھر میں کتنی کھڑکیاں کتنے دروازے ہیں سب پر نظر ڈالیں تھی بس اسے آب ٹیرس دیکھنے کی جلدی تھی

برخوردار گھر میں جو سامان ہے وہ بھی گن لینا ابھی اپنے کمرے میں جا کر آرام کر لو پھر ڈنر کے بعد ٹیرس بھی دیکھ انا۔۔۔ڈاکٹر احمد اپنی مُسکراہٹ چھپاتے زنیق کو دیکھ رہے تھے جو پورے گھر کا ملاحظہ فرما رہا تھا ڈاکٹر احمد کی بات سُن کر زنیق مسکرایا تھا سر کو ہاں میں ہلا کر کمرے میں چلا گیا تھا (بندہ شرمندہ ہوتا ہے کے اسکی چوری پکڑی گئی پر یہ زنیق تھا زنیق)۔۔۔۔ڈاکٹر احمد نفی میں سر ہلاتے کچن میں چلے گئے تھے

https://www.kitabnagri.com/

وہ سب ڈائننگ ٹیبل پر موجود تھے ڈاکٹر احمد ایک کے بعد ایک ڈیشیز اٹھا اُٹھا کر انھیں دے رہے تھے ساتھ میں گائڈ بھی کرتے جا رہے تھے کہ یہ میں نے اپنے ہاتھوں سے بنائی ہے حیان اپنی مسکراہٹ چھپاتے ہوئے کھانا کھا رہا تھا زنیق بریانی پر ٹوٹ پڑا تھا اسے پاکستانی فوڈ میں یہ ڈیش سب سے زیادہ

Posted On Kitab Nagri

اچھی لگتی تھی جبکہ دخان بھی بریانی ہی کھا رہا تھا جبکہ زوریز کھانے سے ہاتھ اٹھا چکا تھا اُسے شدت سے کافی کی طلب ہو رہی تھی اس کے سر میں درد کی وجہ سے ٹیسے آٹھ رہیں تھی تبھی بنا کسی جھجھک کہ کچن کس طرف ہے پوچھ کر ڈائننگ روم سے نکل کر کچن میں چلا گیا

وہ سب ٹیرس پر تھے ٹیرس کے چاروں طرف گریل لگی تھی برابر میں موجود گھر کا ٹیرس کی گریل ڈاکٹر احمد کے گھر کے ٹیرس سے ملی ہوئی تھی کہ کوئی بھی آرام سے پھلانگ سکتا تھا پر ڈاکٹر احمد کو بلکل ٹینشن نہیں تھی برابر میں ایک ماں اور دو بیٹیاں رہتی تھی جو کبھی کبھی ٹیرس پر آتی تھیں ۔۔۔۔۔۔دخان ریلنگ پر ہاتھ رکھے کھڑا تھا ٹھنڈی یخ بستا ہوا اِس کے بھورے بالوں سے کھیلنے میں مصروف تھی دخان آنکھیں بند کئے ہوا تھا تبھی پیچھے سے زوریز نے پکارہ اس نے آنکھیں کھول دی

کافی۔۔۔۔زوریز کہتا اسے کافی تھمائی اس کے دائیں جانب آگیا پیچھے موجود چیئر سے زبر قان اُٹھ کر دخان کے بائیں جانب آگیا

Posted On Kitab Nagri

برو کیا کرنا ہے اب۔۔۔۔۔زبر قان کہہ کر خاموش ہو گیا تھا اس کہ بولنے کا انتظار میں تھا دخان نے لمبی سانس خارج کی پیچھے سے حیان کسی جن کی طرح نمودار ہوا

برو ۔۔۔۔۔کرنا یہ ہے کہ پاکستانی بھنگڑے ڈالنے ہیں چلو ہم چاروں مل کر بھنگڑے ڈالتے ہیں۔۔۔۔۔حیان ماحول کو تھوڑا ہلکا کرنے کے لیے کہہ گیا تھا پر یہ کہہ کر اپنی شامت ہی بلوائی تھی

میں نے کتنی مرتبہ کہا ہے مُجھے بھائی مت کہا کرو۔۔۔۔۔زبر قان نے بھوئیں سکیڑ کر کہا تھا اس نے حیان کو اِسے یہ کہنے سے منع کیا تھا پر حیان ہی کیا کسی چیز سے باز آجائے

تو بھائی کو بھائی نہ کہوں تو بہن کہوں سہی ہے آج سے آپ میری بہن اور میں آپ کا بھی ڈن ہو گیا ۔۔۔۔حیان زبر قان کی بات پر چڑ گیا تھا حیان کے بہن کہنے پر زبر قاں کو تیش آگیا تھا تبھی ایک مکہ حیان کے پیٹ پر مارا مکہ لگتے ہی حیان کے چہرے پر درد کے آثار آئے پھر مسکرایا(سامنے اگر زبر قان کی جگہ کوئی اور کھڑا ہوتا تو یہ مکہ اسے سو گناہ شدت سے واپس لوٹاتا پر سامنے اِس کا بھائی کھڑا تھا وہ اِس کے لیے جان دینے کو تیار تھا یہ تو صرف ایک مکہ ہے)

Posted On Kitab Nagri

حیان تُم مُجھے میرے کمرے میں ملو تھوڑی دیر میں۔۔۔۔۔ دخان کہہ کر نیچے جانے کے لیے موڑا پیچھے یہ تینوں بھی ہو لیے جبکہ زنیق دوسری سائڈ ریلنگ میں کھڑا تھا

۔۔۔۔۔ تبھی اسنے اپنے کانوں میں کسی کے رونے کی آواز سنی اس نے پٹ سے آنکھیں کھول دی سامنے جو دیکھا وہ زنیق کو ساخت کر گیا

(زنیق سانس نہیں لے سکا۔۔۔۔۔۔اس نے اپنی زندگی میں بہت سی خوبصورت لڑکیوں کو دیکھا تھا پر اتنی خوبصورت لڑکی نہیں دیکھی تھی۔۔۔۔۔زنیق اگلا سانس نہیں لے سکا اسے لگا کسی نے اِس کا دل مٹھی میں جکڑ لیا ہو۔۔۔۔۔۔دھڑکنا رکی تھی یا رواں ہوئی وہ جان نہیں سکا وہ یک ٹک اس نازک سراپائے حسن کو دیکھ رہا تھا سیاہ بالوں والی سیاہ آنکھیں جن میں پانی لبالب بھرا ہوا تھا سُرخ ناک جو رونے کی وجہ سے لال تھی)

https://www.kitabnagri.com/
www.kitabnagri.com

انشاء نے نظریں اٹھا کر دیکھا وہ جس جگہ بیٹھی تھی ادھر ساخت منجمد ہو گئی اِس کا پورا جسم زلزلوں کے زد میں آگیا وہ اندر تک کانپ گئی وہ شخص اِس کے سامنے شان سے بیٹھا ہوا تھا جس سے اسے گھن آتی

Posted On Kitab Nagri

تھی۔۔۔۔۔(بلیک کلر کے کرتے میں تھا جس کی شلوار گھیر دار تھی اس پر براؤن کلر کی شال لے ہوا تھا پیروں میں کالی پشاوری وہ دکھنے میں وڈیرہ لگ رہا تھا گندمی رنگت، دھنسی ہوئی کلی آنکھیں اور منہ پر بڑی بڑی مونچھیں اِسے گنڈا موالی بتا رہی تھی)

واہ بھئی ثمرین تو نے تو چاند چھپا رکھا تھا اِس اسٹور روم میں چلو اچھا ہے چھپا کر رکھا اس چاند کو صرف اس کو دیکھنے اور چھونے کے لیے میرا بیٹا ہی بنا ہے کسی کی نظر اچھا ہے نہیں پڑی۔۔۔۔وہ عورت اس کا جائزہ لے کر کہنے لگی اس مومی گڑیا کا حسن اِس عورت کی انکھوں کو خیر کر رہا تھا

انشاء کسی غیر مرئی نقطے کو گھور رہی تھی اِس عورت کی آواز پر سر اٹھا کر اس کو دیکھا (جامنی رنگ کی ساڑھی میں موجود تیز پرفیوم جس کی مہک پورے کمرے میں پھیلی تھی میک اپ سے لتھڑا چہرہ شاید خوبصورت بنے کی خوشش کی گئی تھی) انشاء کو اِس عورت سے گھن آئی وہ عورت جو بول رہی تھی انشاء سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی وہ اِس کو چاند کہہ رہیں تھی پھر اپنے بیٹے کو۔۔۔اس کو گھن محسوس ہوئی اپنے جسم سے یہ سوچتے ہوئے۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ثمرین میری طرف سے تو ہاں ہے اس جمعہ کو نکاح رکھ لیتیے ہیں ساتھ میں رُخصتی بھی ہو جائے گی یہ ہے کہ تیرے پیسے بچے گے باقی آگر تو دھوم دھام سے کرنا چارہی ہے وہ الگ بات ہے۔۔۔۔۔وہ عورت منہ کے زاویہ بگاڑ بگاڑ کر بول رہی تھی ثمرین مسکرا مُسکرا کر اِس عورت کی ہاں میں ہاں ملا رہی تھی (انشاء اِس عورت کی بات سمجھ گئی تھی ہمارہ نکاح ہمارا نکاح رُخصتی نہیں نہیں نہیں نہیں کبھی نہیں) انشاء ایک دم سے سوفے سے کھڑی ہوئی تھی ایک دم سے چلاتے ہوئے بولی

ہم یہ نکاح نہیں کریں گے کبھی نہیں ہم اِس گنڈے موالی سے بلکل نہیں چھی۔ی۔ی۔ی یہ بھتہ وصول کرتا ہے کتنے لوگوں کا خون کر چُکا ہے یہ ہم اِس سے شادی نہیں کریں گے کالج جانے والی لڑکیوں کو ہماری آنکھوں کے سامنے اِس نے گاڑی میں ڈالا اور پھر۔۔۔۔۔اس نے جملہ ادھورا چھوڑ دیا۔۔۔۔۔اور آپ ھوتیں کون ہیں ہمارا نکاح یارُخصتی طے کرنے والی۔۔۔۔سامنے بھیٹھی عورت تن فن کرتی اُٹھی تھی ساتھ میں اپنے بیٹے کو بھی اُٹھنے کا کہہ رہی تھی پر وہ ابنِ ڈھیٹ ٹہرا تھا وہیں بیٹھا رہا کسی بھی چہرے پر حیرت نہیں آئی تھی بلکہ سامنے بیٹھے شخص کے چہرے پر مسکراہٹ رینگ گئی تھی انشاء کی بات پر ثمرین غصّے کے عالم میں اُٹھی تھی اِس کی جانب بڑھ کر اس کو بازو سے دبوچ لیا

ارے منہوس ماری چپ ہو جا بغیرت کہیں کی حرافہ۔۔۔۔ ثمرین اسے دبوچ چکی تھی

Posted On Kitab Nagri

آب نکاح جمعہ کو نہیں کل ہی ہو گا اور رُخصتی بھی یہ میرا آخری فیصلہ ہے ورنہ رشتہ ختم۔۔۔۔شازیہ کہتی اپنے بیٹے کو لے کر جا چکی تھی ثمرین انشاء کو گھسیٹتے ہوئے سیڑھیوں سے اُوپر لے کر جا رہی تھی

/https://www.kitabnagri.com

ہم اس گنڈے موالی سے شادی نہیں کریں گے چاچی ہم آپ کو بتا رہے ہیں نہیں بلکل نہیں ہم نہیں کریں گے۔۔۔۔۔انشاء اب ہچکیوں سے روتی جا رہی تھی اور سر نفی میں ہلا رہی تھی

دیکھتی ہوں میں کیسے نہیں کرے گی شادی تو حرافہ۔۔۔۔ ثمرین اسے ٹیرس تک لے آئی تھی

ہم نے کہا ہم اُس گنڈے موالی سے شادی نہیں کرے گے اس سے بہتر ہے ہم خودکشی کر لیں ۔۔۔۔۔انشاء نے پوری جان لگا کر ثمرین کے ہاتھ سے اپنا بازو چھڑوا کر ریلنگ کی طرف بھاگی اس سے پہلے انشاء نیچے کودتی ثمرین نے ایک ہی جست میں اِس کو دوپٹہ سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا تھا انشاء کا دوپٹہ کھل کر زمین میں بوس ہوا کالے سیاہ بال آبشار کی طرح بھکرے تھے ثمرین نے ایک زور دار تھپڑ انشاء کے مومی گال پر مارا تھا جو نشان چھوڑ گیا وہ گھوم کر زمین پر جا گری اس کو اپنے منہ میں خون کا

Posted On Kitab Nagri

ذائقہ گھستا ہوا محسوس ہوا اس کے ہونٹ کا کنارہ پھٹ چُکا تھا ثمرین نے اِس کا بازو دبوچ کر کھڑا کیا اسے لیے اسٹور روم کی طرف بڑھی

ہم اس گنڈے سے شادی نہیں کریں گے نہیں نہیں ہم نہیں۔۔۔۔انشاء کو اپنا سر گھومتا ہوا محسوس ہو رہا تھا ثمرین نے اسے اسٹور روم کے اندر دھکیلا اور باہر سے کنڈی لگا کر نیچے چلی گئی انشاء پیچھے دروازہ دھڑ دھڑاتی رہی پر وہ ناگن نیچے چلی گئیhttps://www.kitabnagri.com/

زنیق جو اُدھر ہی کھڑا تھا اپنی تھوڑی دیر پہلے والی کیفیت سے جھنجھلا گیا تھا اُس کو تھپڑ کی آواز حال میں لائی تھی اس کی بھوئیں تن گئی تھی وہ اِس لڑکی کو دیکھ رہا تھا جو اسٹور روم میں بند کی جا رہی تھی پھر اس کے منہ سے نکلے الفاظ وہ سمجھ گیا تھا کیا ماجرا ہے یہ زندگی میں اِس کے ساتھ پہلی مرتبہ ہوا تھا کہ وہ کسی لڑکی کی وجہ سے جھنجھلایا اور سکتے میں گیا تھا تبھی غصّے سے گلے کی رگیں ابھر گئی بنہ کُچھ سوچے سمجھے برابر والی چھت میں کود گیا تھا وہ اسٹور روم کے دروازے تک آیا تھا اندر موجود وہ رو رہی تھی ہچکیوں کے ساتھ۔۔۔ساتھ میں کچھ کہہ بھی رہی تھی زنیق پر اسرار سا مسکرایا پھر آگے بڑھ کر کنڈی کھول دی

Posted On Kitab Nagri

انشاء کو اندھیرے سے ڈر لگتا تھا تبھی دروازے سے چپکی کھڑی تھی اسے رہ رہ کر اپنی قسمت پر رونا آرہا تھا ہم نہیں کریں گے اس گنڈے سے شادی ہم کیا کریں ہماری مدد کون کرے گا ہمیں کون اِس عذاب سے نکالے ہاں ہمیں اِس عذاب سے موت بچا سکتی ہے ہم خودکشی ہی کریں گے۔۔۔۔اس نے فیصلہ کر لیا تھا تبھی دروازے کی کنڈی کھلی انشاء کنڈی کھلنے کی آواز پر ہڑبڑا کر دروازے کی طرف بڑھی تبھی کسی چٹان سے ٹکرائی/https://www.kitabnagri.com/

زنیق اس کے باہر آنے کے انتظار میں تھا کہ گیٹ کھول کر دیکھتی ہے کہ نہیں کہ کس نے گیٹ کھولا پر یہ تو اس کے سینے سے آلگی تھی زنیق کی بھوئیں سکڑ گئیں تھی انکھوں میں غصہ در آیا تھا انشاء کو اپنا سر گھومتا محسوس ہوا اس نے ماتھا مسلتے ہوئے آنسوں سے لبالب بھری آنکھوں سے اوپر کی جانب دیکھا تو سُن ہو گئی سامنے والے کو بھی کہیں کا نہیں چھوڑا سرمائی رنگ کی آنکھیں اِسے کڑے تیور لیے اسے دیکھ رہی تھی یہ دو قدم پیچھے ہوئی پھر ریلنگ کی طرف بھاگی پہلے ہی اس کی حرکت پر زنیق کو طیش آیا ہوا تھا اب وہ دوبارہ خودکشی کر رہی تھی زنیق پھرتی سے اِس کی طرف بڑھا انشاء جال پر پاؤں رکھ کر کھڑی ہو گئی تھی اونچائی دیکھ کر اسے چکر آرہے تھے تبھی آنکھیں زور سے بند کیں پھر سر جھٹک کر ایک پاؤں اوپر رکھا ہی تھا زنیق نے اِسے بازو سے پکڑ کر کھینچا

Posted On Kitab Nagri

مرنے کا زیادہ شوق ہے تُمہیں۔۔۔۔۔زنیق اس کی مچی ہوئی انکھوں کو دیکھ رہا تھا پھر گالوں پر آنسوں کے مٹے مٹے نشان سرخ ناک اور پھڑ پھڑاتے گُلابی ہونٹ زنیق نے نگاہیں پھیر لیں کیونکہ سامنے موجود لڑکی بغیر دوپٹے کے کھڑی تھی اِس کے سامنے اپنا تمام تر حسن لے کر انشاء نے پٹ سے آنکھیں کھول کر سامنے کھڑے شخص کو دیکھا اِس نے زِندگی میں اتنا حسین مرد نہیں دیکھا تھا کُچھ سیکنڈ کے لیے انشاء اس پاس موجود ہر چیز سے بے خبر ہو گئی تھی زنیق نے اِسے پھر جھنجھوڑا

میں نے پوچھا تمھیں مرنے کا زیادہ شوق ہے تو بتا دوں ابھی تُمہیں ختم کر دیتا ہوں۔۔۔۔زنیق اپنے آپ کو دیکھتا پا کر آب کی بار دھاڑا تھا اِس کی آواز پر انشاء اپنی جگہ سے اوچھلی تھی انشاء کے ماتھے پر سلوٹیں نمودار ہوئی پھر انکھوں میں پانی کا ایک سیلاب آیا

ہم نے پوچھا آپ نے ہمیں کیوں بچایا گرنے سے۔۔۔۔انشاء کی ہچکیاں بندھ گئی تھی تبھی اٹک اٹک کر بولی پھر پوری طاقت لگا کر اپنا بازو اِس کی سخت گرفت سے چھڑوایا

/https://www.kitabnagri.com

اُو اچھا تُم گر رہی تھی یا خودکشی کر رہی تھی خیر جو بھی کرو میری بلا سے۔۔۔۔۔زنیق شان بے نیازی سے کہہ کر مڑا تبھی کسی خیال کے تحت پھر مڑ کر دیکھا تو ایک دفعہ پھر طیش اشتعلال سے اس کی طرف

Posted On Kitab Nagri

بڑھاوہ ایک مرتبہ پھر ریلنگ پر چڑھ رہی تھی اب کی بار اسے کندھوں سے پکڑ کر زمین پر پٹکا انشاء ایک بار پھر خودکشی کرنے میں ناکام رہی تھی تبھی پھوٹ پھوٹ کر رو دی اور اِس حسین جن کو بھی دیکھ کر اسے اور شدت سے رونا آرہا تھا کیا بلا پیچھے پڑی ہے اِس کے تبھی زنیق نے اِسے تقریباً گسیٹتے ہوئے اسٹور روم میں بند کیا تھا پھر صحن میں موجود دوپٹہ اُٹھا کر انشاء کی طرف بڑھایا جسے انشاء نے لے کر زمین پر پھینک دیا انشاء کی یہ حرکت زنیق کو پھر غصّہ دلا گئی تھی تبھی اسٹور روم کا دروازہ بند کر دیا باہر سے کنڈی لگا کر زنیق ڈاکٹر احمد کی ٹیرس پر کود چُکا تھا تبھی پاس لگی پانچ کرسیاں جن پر کچھ دیر پہلے یہ پانچوں بیٹھے تھے ان میں سے ایک پر بیٹھ گیا۔۔۔پھر تھوڑی دیر بعد اُٹھ کر کمرے میں چلا گیا

انشاء کی آنکھ کمرے میں پھیلی تیز روشنی پر کھلی ایک دم سے اس نے آنکھیں میچ لی پھر آہستہ آہستہ کھولی سامنے ثمرین اِس کا نکاح کا جوڑا لیے کھڑی تھی ساتھ میں امامہ کے ہاتھ میں جیولری بوکس اور ساتھ میں بیوٹیشن بھی کھڑی تھی جو مُسکرا کر اسے دیکھ رہی تھی ثمرین نے آگے بڑھ کر اسے بازو سے پکڑ کر کھڑا کیا پھر پاس رکھی چارپائی پر بٹھا دیا پھر ثمرین نے جوڑا اور دوسری چیزیں چارپائی پر رکھی

Posted On Kitab Nagri

اِس کے حسن کو تو نے آج چار چاند لگا دینا ہے سمجھی اگر تُو اس میں کامیاب ہوئی تُجھے تیرے کام سے زیادہ پیسے دوں گی اور اوپر سے ٹپ بھی ملے گی ایسا تیار کریو کے شبر دیکھتا رہ جائے۔۔۔۔ ثمرین کہہ کر نیچے چلی گئی بیوٹیشن اپنا کام شروع کر چکی تھی تین گھنٹے کے بعد بیوٹیشن اِسے آخری ٹچ دے رہی تھی تبھی ثمرین گیٹ کھول کر اندر آئی اسے دیکھا تو دیکھتی رہ گئی

سفید کلر کی پیروں تک چھوتی فراک جس پر بے حد نفیس کام ہوا تھا ہم رنگ دوپٹہ جس کے بوڈر پر فراک کی طرح ہی کم ہوا تھا کمر تک آتے سیاہ بال جو کرلز کر کے کمر پر کھولے چھوڑ دیے تھے ماتھے پر نازک سی بندیا تھی جس کے نیچے ایک سفید روبی لٹک رہا تھا دائیں طرف کان سے تھوڑا اوپر جھومر تھا جس میں کئی سفید روبی لٹک رہے تھے کانوں میں جھمکے جس میں سے آویزے ہوتے ہوئے بالوں کے پیچھے لگے تھے سُرخ گُلابوں والے گجرے ہاتھوں میں ڈلے تھے ہلکے میک اپ میں انشاء آسمان سے اُتری کوئی پری لگ رہی تھی۔۔۔۔ پارلر والی زمین پر بیٹھ کر انشاء کے پیروں میں پازیب پہنا رہی تھی تبھی کسی خیال کے تحت مڑ کر دیکھا تو ثمرین کھڑی تھی تبھی فوراً اُٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔۔

جیسا آپ نے کہا تھا ویسا کر دیا میں نے اب میرا انعام مُجھے ٹائم پر مل جائے۔۔۔۔۔۔ بیوٹیشن کہتی اپنا سامان سمیٹنے لگی

Posted On Kitab Nagri

ہاں ہاں مل جائے گا تُجھے تیرا انعام۔۔۔۔ ثمرین منہ کے زاویہ بگاڑ کر کہتی پارلر والی کو اپنے ساتھ نیچے لے گئی/ https://www.kitabnagri.com

---

اسے ابھی ابھی جو خبر ملی تھی اس خبر کو سنتے ہی یقیناً اس کا باس اسے اپنا پرسنل اسسٹنٹ تو ضرور رکھ لے گا۔۔۔۔ عام سے نقوش کی سورت کا حامل وہ درمیانے قد کا تھا اس نوجوان کے چہرے پر دبا دبا جوش تھا ایک آفس کے دروازے کے سامنے وہ آکر رکا خوشی کو دباتے ہوئے مسکراہٹ دبائی۔۔۔۔ تبھی گیٹ کھول کر دو آدمی جو تھری پیس سوٹ میں ملبوس تھے بات کرتے ہوئے باہر آئے اور اس پر نگاہ ڈالے بغیر ہی آگے چلے گئے اس کی نظروں نے ان کا احاطہ لفٹ میں بیٹھنے تک کیا پھر خیال آنے پر سر جھٹک کر دھڑلے سے دروازہ کھول کر اندر بڑھ گیا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اندر آفس کی ٹیبل کے پیچھے اس کے چہرے پر۔۔۔۔پر اسرار مسکراہٹ پھیلی ہوئی تھی وہ ادھیڑ عمر کا تھا۔۔۔اس نے بگڑے ہوئے تاثرات لیے نظریں اٹھا کر اُکتاہٹ سے اندر داخل ہونے والے نوجوان کو دیکھا۔۔۔۔۔

سر مُجھے ابھی ابھی خبر ملی ہے کہہ وہ پاکستان پُہنچ چُکا ہے۔۔۔۔کمال دمکتے چہرے کے ساتھ کُرسی کھینچ کر بیٹھا۔۔۔۔عائق کے چہرے پر مسکراہٹ پل بھر میں غائب ہوئی تھی پھر ماتھے پر سلوٹیں نمودار ہوئیں اِس کے چہرے پر حیرت آئی پھر جوش اس کے چہرے پر ایک رنگ آرہا تھا تو ایک جارہا تھا سامنے بیٹھے اس کے پرسنل اسسٹنٹ کو اندازہ لگانا مشکل ہو رہا تھا

سر اس سے ڈیل کرنا آسان نہیں ہے وہ بدمزاج اور خردماغ ہے اور اپنی مرضی کا مالک بھی آگر اس کا دل ہوتا ہے تو وہ ملتا ہے ورنہ وہ کسی سے نہیں ملتا سر امریکہ کے سب سے مشہور معروف بزنس مین ایلگزینڈر کی طرف سے اسے انویٹیشن ملا تھا ایلگزیندر سے مُلاقات کرنے کے لیے لوگ کئی سال انتظار کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔کمال کافی جوش سے بتارہا تھا کمال کے دماغ میں اگلی سوچ آتے ہی سارا جوش جھاگ کی طرح بیٹھا تھا

Posted On Kitab Nagri

سر آب کیا کرنا ہے۔۔۔۔وہ پریشانی کے عالم میں کہہ گیا تھا تبھی سامنے بیٹھے شخص کے چہرے پر پھر ایک مرتبہ مُسکراہٹ رینگ گئی

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

www.kitabnagri.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

کمال تُم پورے پاکستان کے سب سے مشہور معروف بزنس مین کے اسسٹنٹ ہو تمہیں فکر نہیں کرنی چاہیے کیونکہ تمہارا بوس میں ھوں یعنی (عائق سکندر سکندرز انڈسٹری ایریا کا مالک) مجھے سب کچھ پتا لگا کر دو کیوں آیا ہے کس وجہ سے آیا ہے وہ پاکستان اگر آگیا ہے تو میرا مہمان ہے میں میزبان ہوں پورا خیال رکھا جائے گا اس کا۔۔۔۔عائق کُرسی سے اٹھ کھڑا ہوا پھر کمرے سے باہر نکل گیا کمال فوراً عائق کے پیچھے ہو بھاگا۔۔۔۔

وہ پانچوں سیکریٹ روم میں موجود تھے ایک لمبی سی کانچ کی ٹیبل پر طرح طرح کی گنز رکھی ہوئی تھی ساتھ میں بولٹس بھی رکھی ہوئی تھی وہ پانچوں ٹیبل کے ساتھ ہی کھڑے تھے جبکہ ڈاکٹر احمد کافی کا مگ ہاتھ لیے انہیں ہی دیکھ رہے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہمیں اسے جوائن کرنا ہو گا مختلف لوگوں کی شناخت اختیار کر کے تاکہ یہ ہمیں پہچان نہ سکے خیر پہچان تو اسکے فرشتے بھی نہیں سکتے پر حیان تُم نے اسے خبر پہنچادی کے میں پاکستان آگیا ہوں۔۔۔۔دخان کی

Posted On Kitab Nagri

بات پر حیان نے سر ہاں میں ہلایا دخان نے زبر قان کو بولنے کا اشارہ کیا زبر قان کچھ شیٹس لے ایا جس پر کسی ایوارڈ کا نقشہ بنا تھا

دو دن کہ بعد اس کو وہ ایوارڈ ملے گا جو کچھ اس طرح کا دکھتا ہے زبر قان نے اس ایوارڈ کی کاپی سامنے رکھی۔۔۔۔ ہمیں اس کو اس ایوارڈ سمیت اٹھانا ہے یہ بہت مُشکل ہے ہم بھری محفل میں یہ کام نہیں کر سکتے کیونکہ وہاں میڈیا ہو گی اور بہت سے سلیبریٹیز موجود ہونگے ہم اس سے اسی کی طرح ہو کر ملے گیں مطلب بہت مشہور معروف بزنس مین بن کر یہ ہم سے یعنی دخان کے ساتھ ایک ڈیل ڈن کرنا چاہے گا پر دخان کافی زیادہ بد مزاج اور خر دماغ ہونے کی وجہ سے منع کر دے گا(جو کہ بروتُم واقعی میں ہوں ذبر قان نے یہ بات منہ میں بولی تھی پر سنائی سب کو دی تھی)جو حیان سمیت سب نے سنی تھی ڈاکٹر احمد جو چائے کا گھونٹ بھر رہے تھے وہ ہنسی کی وجہ سے ٹھسکہ بن گیا تھا

www.kitabnagri.com

تمہاری فائل جو کہ زنیق بنا ہی چکا ہے جس میں تُم ایک امیر بزنس مین کی اولاد ہو جو یو کے میں رہتے ہیں تمہارے ڈیڈ کے انتقال کے بعد تُم نے ان کا بزنس سنبھالا اور ایسا سنبھالا کے بزنس آسمان کی بلندیوں کو چھو رہا ہے لوگ تُم سے چند منٹ کی ملاقات کے لیے کئی ڈالرز خرچ کرتے ہیں اور تم کیا کھاؤ گے کیا پیو گے وہ سب حیان کی ڈائری میں لکھا ہوتا ہے مطلب حیان تمہارا پرسنل اسسٹنٹ پلس باڈی مین بھی

Posted On Kitab Nagri

ہے اور تمہارا ریکارڈ اتنا صاف ہے کہہ آج تک تمہارا چالان تک نہیں کٹا یعنی لڑکیوں کا تو دور دور تک کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا نا تو تم سموکنگ کرتے ہو نہ ہی ڈرنکنگ اور کچھ بزنس مین تمہارا ریکارڈ خراب کرنا چاہتے ہیں پر ان کو ایسا کچھ نہیں ملتا جس سے تو وہ خاموشی اختیار کر لیتے ہیں اور پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔۔۔۔زبر قان ٹیبل پر پھیلے پیپرز سمیٹتا ہوا بول رہا تھا جبکہ حیان کا پرسنل اسسٹنٹ پلس باڈی مین کا سُن کر زبر قان کو گھورا تھا پر سامنے سڑیال تھا جسے ردی بھر فرق نہیں پڑا پانچوں سیکریٹ روم میں سے نکلے تھے دخان اپنے کمرے میں چلا گیا تا کہ پیکنگ کر سکے جبکہ حیان بھی اپنے کمرے میں پیکنگ کر رہا تھا ان لوگوں کو آج نکلنا تھا تا کہ ہوٹل میں ٹھہر سکے جبکہ زنیق اپنے روم میں فریش ہونے چلا گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دولہے والے آگئے بھئی دولہے والے آگئے۔۔۔۔انشاء ثمرین کی آواز سُن سکتی تھی اس کو اپنا دم گھٹتا محسوس ہو رہا تھا اسے محسوس ہو رہا تھا اس کا بی پی لو ہو رہا تھا اس نے واضح طور پر اپنے جسم میں لرزش دیکھی تبھی اسٹور روم کے گیٹ سے باہر نکل آئی کھلا آسمان۔۔۔آسمان میں اڑتے پنچھی ٹھنڈی فضا

Posted On Kitab Nagri

اسے ایک دم سے تازگی کا احساس ہوا پھر اس کی نظر آسمان میں اڑتے سفید رنگ کے کبوتر پر پڑی جو اڑتے ہوئے برابر والی چھت کے فرش پر بیٹھ گیا پھر واپس اُڑ گیا اس کے دماغ میں ایک جھماکا سا ہوا

ہم اگر وہاں کود جائیں اور اس سرمئی رنگ کی انکھوں والے سے مدد مانگے تو وہ ہماری مدد ضرور کریں گے انہونے ہمیں گرنے سے نہیں خودکشی کرنے سے بھی تو بچایا تھا ہم انھیں بتائیں گے ہماری چاچی ہمارا نکاح ایک گنڈے سے کروا رہیں ہیں ہمیں ان سے نکاح نہیں کرنا ہاں یہ سہی ہے وہ ہماری مدد ضرور کریں گے ہمیں پورا یقین ہے۔۔۔۔۔https://www.kitabnagri.com/

نہیں انھونے ہمیں خودکشی نہیں کرنے دی تھی وہ کیا ہماری مدد کریں گے انہونے نے بلکہ ہمیں واپس اسٹور روم میں بند کر دیا تھا ہم کچھ دنوں تک وہاں چھپے رہیں گے پھر واپس ادھر کبھی نہیں آئیں گے ادھر ہم سرمئی رنگ کی انکھوں والے سے مدد نہیں مانگے گے۔۔۔انشاء کی انکھوں کے سامنے کل رات گھوم گئی انشاء آہستہ آہستہ قدم اٹھاتی چھت کے ریلنگ تک آگئی تھی اسے ڈر بھی لگ رہا تھا کہہ اوپر کوئی نہ آجائے ورنہ وہ پکڑی جائے گی تبھی امامہ کی ہلکی ہلکی آواز اس نے سنی وہ اوپر آرہی تھی ساتھ میں کوئی اور بھی ہے یقیناً وہ تھوڑی ہی فاصلے پر تھی تبھی انشاء نے ریلنگ پر پاؤں رکھا پھر دوسری طرف چھلانگ لگا دی وہ اب ڈاکٹر احمد کے ٹیرس پر تھی تبھی ایک آنسو آنکھ سے بہ نکلا مڑ کر سیڑھیوں

Posted On Kitab Nagri

کی طرف بھاگی اس نے اس خوف سے پیچھے موڑ کر نہیں دیکھا کہ واپس وہ اس قید میں چلی جائے گی وہ بہت تیزی سے سیڑھیاں اتر رہی تھی اس کے پاؤں میں موجود پازیب کی چھن چھن گونجی پھر بند ہو گئی

وہ اب سیکنڈ فلور پر تھی یقیناً سامنے تین دروازے تھے اِسے ایسی جگہ ڈھونڈنی تھی جہاں وہ سُرمئی رنگ کی آنکھوں والے کا سایہ بھی نہ ہو تبھی بہت آہستہ آہستہ قدم اٹھاتی پہلے کمرے کے گیٹ تک آئی اس نے لوک پر ہاتھ رکھا پھر بہت آہستہ گھمایا تھوڑا سا دروازہ کھول کر دیکھا کمرہ خالی تھا انشاء نے ایک نظر پورے کمرے میں دوڑائی (ڈارک گرین کلر کا کنگ سائڈ بیڈ جس کے تاج پر گولڈن کلر کا کام ہوا تھا اس کے ساتھ سائڈ ٹیبلیں دوسری دیوار کی طرف گولڈن کلر کے پردے ڈلے تھے اس کے آگے ڈارک گرین کلر کے سوفے رکھے ہوئے تھے جو بیڈ کہ جیسے ہی تھے سوفوں کے نیچے ترکش کارپیٹ بیچھا تھا اسے صرف اتنا ہی نظر آیا اندر کافی تیز اے سی چل رہا تھا جس کی ٹھنڈک اس کے چہرے پر لگ رہی تھی

https://www.kitabnagri.com/

کسی نے اندر سے آدھا گیٹ کھول کر انشاء کا ہاتھ پکڑا اور اندر کھینچ کر دروازہ بند کیا اِسے دروازے کے ساتھ دھپ سے لگا دیا اس کہ منہ سے سسکی نکلی اس کی کمر میں درد کی ایک ٹیس اُٹھی تھی یہ سب اتنی

Posted On Kitab Nagri

جلدی ہوا کا انشاء نے حیرت سے سامنے کھڑے زنیق کو دیکھا جو شرٹ لیس کھڑا تھا وہ بلو جینز پہنا ہوا تھا اس کا قد اور کسرتی سینا واضح نظر آرہا تھا جو اپنی تمام تر وجاہت لیے اسے کڑے تیوروں سے گھور رہا تھا

زنیق کا بس نہیں چل رہا تھا وہ سامنے کھڑی لڑکی کا گلہ دبہ دے انشاء نے بھوکھلا کر آنکھیں بند کیں زنیق نے بھوئیں سکیڑ کر اسے دیکھا جو اس کے اتنی محنت سے بنایئے گئے سکس پیکس کو دیکھ کر آنکھیں بند کر گئی تھی زنیق نے بیڈ پر پڑی سفید کلر کی ہاف سلیوز شرٹ اُٹھا کر پہنی پھر اس کا پورا جائزہ لیا

https://www.kitabnagri.com/

سفید رنگ کی لونگ فراک جو بلکل فٹنگ کی تھی جس کا گلہ کافی گہرا تھا جس میں سے اِس کی ساری رعنائیاں صاف جھلک رہی تھی اس کا نیٹ کا دوپٹہ جس سے اس نے اپنے آپ کو چھپانے کی ناکام سی کوشش کی تھی اُس کے کالے سیاہ بال جو کھلے ہوئے تھے زنیق کی نظریں طوائف کر رہی تھی زنیق کی نظریں اس کے چہرے پر اٹکی اس کی بڑی بڑی پلکیں جس میں واضح لرزش تھی شرم کے مارے اس کے چہرہ پر الگ ہی رنگ تھا جو اور زیادہ اس کہ گالوں کو لال کر رہا تھا زنیق کو یہ لال کلر بہت اچھو تا لگا وہ نکاح کے جوڑے میں ملبوس تھی اسے یقین تھا وہ شادی سے بھاگ کر آئی ہے پر یہاں پر کیوں آئی ہے اس کہ دماغ میں بہت سے سوالات آرہے تھے جس کے جواب یہ ہی دے سکتی تھی

Posted On Kitab Nagri

تم یہاں کیا کر رہی ہو تم یہاں آئیں کیسے۔۔۔۔۔زنیق کڑے ضبط کہ بعد بولا اسے شدید غصّہ آرہا تھا اس چھوئی موئی پر۔۔۔۔انشاء نے پٹ سے آنکھیں کھول کر زنیق کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالی زنیق ایک منٹ کہ لیے جس جگہ کھڑا تھا اُسی جگہ کھڑا رہ گیا اس کی آنکھوں میں کیا نہیں تھا

ہم۔۔۔یہاں چھپنے کے لیے آئے تھے جیسے آپ ٹیرس سے کود کر آئے تھے ویسے ہی ہم بھی آئے ہیں سمجھے۔۔۔۔انشاء اسے گھورتی بولی تھی زنیق ایک مرتبہ پھر دنگ رہ گیا تھا اِس کی جرات پر تبھی اِس کا ہاتھ پکڑا اور ایک ہاتھ دروازے کے لوک پر رکھ کر گھما کر کمرے سے نکل کر سیڑھیاں اترنے لگا زنیق بہت تیزی سے سیڑھیاں اتر رہا تھا انشاء زنیق کے ساتھ تقریباً گھسیٹتی ہوئی آرہی تھی

/https://www.kitabnagri.com

ہمارا ہاتھ چھوڑیں ہمیں تکلیف ہو رہی ہے۔۔۔تکلیف کے مارے اِس کی انکھوں میں ایک سیلاب آگیا تھا جو برس رہا تھا اسے لگا اس کی ہاتھ کی ہڈی ٹوٹ جائے گی زنیق لاؤنج کراس کرتا ہوا لان میں آگیا تھا انشاء کو لگا وہ وہاں سے بھاگ آئی ہے پر یہ ظالم اِسے پھر وہاں چھوڑنے جا رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

ہم واپس نہیں جائیں گے آپ ہوتے کون ہیں ہمیں وہاں واپس لے کر جانے والے ہاں چھوڑیئے ہمیں ہم نہیں جائیں گے۔۔۔۔۔انشاء اب خوف کے مارے چلانے کر در پر تھی پھر سامنے والے کو ذرا برابر فرق نہیں پڑا انشاء کا ہاتھ اور زور سے پکڑ کر میں گیٹ عبور کر گیا

زنیق اب ثمرین کے گھر کا گیٹ سے اندر داخل ہوا لان صاف تھا مطلب لاؤنج میں ہونا تھا نکاح زنیق لان عبور کرتا ہوا لاؤنج میں قدم رکھ چکا تھا

امامہ اپنی دوست راحیلہ سے باتیں کرتی ہوئی ٹیرس پر پہنچ چکی تھی اسٹور روم میں داخل ہوئی تو انشاء کو نہ پا کر امامہ کے ماتھے پر سلوٹیں نمودار ہوئیں اسٹور روم میں بنے باتھروم کے گیٹ پر ناک کیا آوازیں دی جواب نا ملنے پر امامہ نے آگے بڑھ کر باتھروم کا دروازہ کھولا انشاء اندر بھی نہیں تھی ساتھ کھڑی راحیلہ بھی پریشانی کے عالم میں پورا ٹیرس دیکھ آئی تھی پر اسے بھی انشاء کہیں نہیں دکھی امامہ اضراب کے عالم میں نیچے چلی گئی کہ ثمرین کو بتا سکے کہ انشاء اوپر ٹیرس پر کہیں نہیں ہے امامہ نے راحیلہ کو اسٹور روم میں بھیج دیا تھا جو سیکنڈ فلور پر تھا جہاں انشاء رہتی تھی ثمرین اِسے ہاتھوں میں تھال پکڑی

Posted On Kitab Nagri

ہوئی نظر آئی جو ھونٹوں پر مسکراہٹ سجائے سب خواتین میں گجرے کی ایک ایک جوڑی بانٹ رہی تھی امامہ نے ہاتھ کہ اشارے سے ثمرین کو پاس آنے کو کہا ثمرین تھال ایک لڑکی کو پکڑا کر امامہ کی طرف آئی

امّاں انشاء اوپر اسٹور روم میں کہیں نہیں ہے بلکہ میں نے اور راحیلہ نے پورا ٹیرس کھنگال لیا ہے وہ کہیں نہیں ہے۔۔۔امامہ نے جو بولا وہ ثمرین کا پارہ ہائی کر گیا تھا

امامہ تو نے ماہرانی کو اس کی آرام گاہ میں دیکھا یاد کر رہی ہو گی اپنی ماں کو کہ آکر بچالے اسے ۔۔۔ ثمرین تمسخرانہ ہنستی ہوئی بولی تبھی آگے کو جوسنے کو ملا وہ اس کی چہرے کی ہوائیاں اڑا گیا تھا

آنٹی انشاء اپنے کمرے میں بھی نہیں ہے بلکہ پورے گھر میں ہی نہیں ہے۔۔۔۔راحیلہ بھی پریشان ہو گئی تھی / https://www.kitabnagri.com

انشاء بھاگ گئی ہے امّاں اپنے کسی یار کے ساتھ میں تُمہیں بتا رہی ہوں اب کیا کرے گے اِس کی ساس تو منہ کو آجائے گی۔۔۔۔امامہ کے کہنے کی دیر تھی شازیہ جو سوفے پر بیٹھی تھی آٹھ کر اس طرف آگئی

Posted On Kitab Nagri

ثمرین دولہن کو لے کر اجا نکاح کے لیے دیر ہو رہی ہے قاضی صاحب کب سے اِنتظار کر رہے ہیں ان کو کہیں اور بھی نکاح پڑھانے جانا ہے۔۔۔۔شازیہ ناک منہ چڑھاتی بول رہی تھی

شازیہ نکاح اب نہیں ہو سکتا انشاء اپنے کسی یار کہ ساتھ بھاگ گئی۔۔۔۔۔۔ ثمرین نے ڈنکے کی چوٹ پر کہا تھا پر شازیہ پھیل گئی تھیhttps://www.kitabnagri.com/

